زندگی کا خوبصورت نقش ابھر کر سامنے آتا ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ خطبات مدراس کا ہر لفظ نبی علیہ السلام کی محبت کا مظہر، ہر واقعہ نہایت موثر اور ہر بات قلب وروح کیلئے مسرت وشادمانی کا باعث ہے۔ سیرت مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر یہ سدا بہار کتاب ہے۔ اصل میں یہ سید صاحب ان آٹھ خطبات کا مجموعہ ہے جو انہوں نے جنوبی ہند ''اسلامی تعلیمی انجمن'' کی فرمائش پر 1925 کے اکتوبر اور نومبر میں مدراس میں ارشاد فرمائے تھے۔ ان خطبات کو اس قدر شہرت حاصل ہوئی کہ یہ مختلف اداروں کی طرف سے بار بار شائع ہوئے۔ مکتبہ اسلامیہ فیصل آباد نے بھی اب اسے خوبصورت گیٹ اپ اور ظاہری ومعنوی خوبیوں سے آراستہ کر کے شائع کیا ہے۔ اس جدید ایڈیشن کی خوبیوں میں ایک یہ ہے کہ اس کے شروع میں سید صاحب کے تفصیلی حالات اور تصنیفی خدمات کو بھی مقدمے کے طور پر لکھ دیا گیا ہے۔ یہ کام مولانا محمد اسحاق بھٹی صاحب نے کیا ہے۔ اس سے کتاب کی اہمیت اور بڑھ گئی ہے۔ ہم اس کتاب کی خوبصورت اشاعت پر مولانا محمد سرور عاصم صاحب اور مکتبہ اسلامیہ کے دیگر احباب کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں۔ قارئین سے ہماری التماس ہے کہ وہ ایمان کی حلاوت کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں۔ کتاب کی کمپوزنگ، کاغذ اور جلد بندی معیاری اور قیمت مناسب ہے۔

نماز میں ہاتھ کہاں باندھیں؟

مصنف: فضیلۃ الشیخ حافظ ثناء اللہ ضیاء حفظہ اللہ (کراچی والے)

صفحات: 96 خوبصورت کارڈ کور

قیمت: 40 روپے

ناشر وملنے کا پتہ: مکتبہ اسلامیہ، بیرون امین پور بازار فیصل آباد

فضیلۃ الشیخ حافظ ثناء اللہ ضیاء حفظہ اللہ (کراچی والے) ہمارے جماعتی حلقوں کی جانی پہچانی معروف علمی شخصیت ہیں۔ وہ عرصہ دراز تک درس وتدریس کے شعبہ سے منسلک ہیں۔ وعظ و تقریر کا اچھا ذوق رکھتے ہیں۔ تصنیف وتالیف سے انہیں خاص شغف ہے۔ خالص علمی و تحقیقی موضوعات پر ان کی معلومات بڑی وسیع ہیں۔ حدیث اور اسماء الرجال پر ان کا مطالعہ بہت عمدہ ہے۔ ذہین اور حاضر جواب مناظر ہیں۔ علمی موضوعات پر بہت جامع، مدلل اور بھرپور گفتگو کرتے ہیں۔ مسلکی حمیت رکھنے والے غیور اہلحدیث عالم دین ہیں۔ انہوں نے اب تک بڑے عزم وہمت سے دفاع حدیث پر کام کیا ہے اور حدیث رسول میں احناف کی خیانتوں کا پردہ چاک کر کے لوگوں پر اصل حقیقت کو واضح کرنے کی سعی کی ہے۔

پیش نگاہ کتاب بھی ان کے اسی مشن کی آئینہ دار ہے۔ اس کتاب میں حافظ صاحب نے ''نماز میں سینے پر ہاتھ باندھنے'' کو موضوع بنا کر اپنے موقف کی تائید میں کتب احادیث سے دلائل دیئے ہیں۔ ان کا اسلوب یہ ہے کہ پہلے وہ ایک حدیث لکھتے ہیں اور پھر حدیث کی سند پر بحث کرتے ہوئے راوی کا مکمل تعارف پیش کرتے ہیں اور ان راوی سے متعلق ائمہ حدیث کی آراء پیش کرتے ہیں۔ کتاب کے شروع میں حافظ صاحب نے سینے پر ہاتھ باندھنے والی احادیث پیش کی ہیں۔ آگے چل کر احناف کے من گھڑت اعتراضات کے مدلل جواب دیئے ہیں اور آخر میں احناف کی حدیث رسولؐ میں تحریفات کو دلائل سے ثابت کیا ہے۔ بلا شبہ یہ کتاب نماز میں سینے پر ہاتھ باندھنے کے مسئلے کا پوری طرح احاطہ کئے ہوئے ہے۔ کتاب کا مقدمہ علامہ ارشاد الحق اثری صاحب نے لکھا ہے۔ امید ہے کہ علمی اور جماعتی حلقوں میں اس کتاب کا بھرپور انداز میں استقبال کیا جائے گا۔

روح عبادت

مصنف: مولانا عبدالرحمٰن عاجز مالیرکوٹلوی رحمۃ اللہ علیہ

صفحات: 208، قیمت: 60 روپے

ناشر وملنے کا پتہ: رحمانیہ دارالکتب امین پور بازار فیصل آباد، فون: 041-649916

روح عبادت، دل کو قرار اور آنکھوں کو ٹھنڈک دینے والی وہ ایمان افروز کتاب ہے کہ اس میں بدنی اور مالی عبادات کا تذکرہ کر کے، محبت، اطاعت اور خشیت کو عبادت کی اصل روح قرار دیا ہے۔ موضوع کی مناسبت سے یہ کتاب بہت عمدہ، انداز تحریر سادہ اور سلیس ہے۔ مولانا عاجز مرحوم نے موضوع سے متعلقہ قرآنی آیات اور احادیث کو خاص ترتیب سے بیان کیا ہے۔ اس کتاب کا مطالعہ ایمان کی تازگی کا باعث بنتا ہے اور قاری کو اس سے یک گونہ فرحت محسوس ہوتی ہے۔ مولانا عزج مرحوم کی یہ لائق تحسین کاوش ہے۔ رحمانیہ دارالکتب جو کہ اب دوبارہ میدان کارزار میں سرگرم عمل ہے اس کی طرف سے اس کتاب کی اشاعت خوش آئند مقصود ہے۔